# 67787 ـ البلاد نامی بنك میں ملازمت کرنے کا حکم

## سوال

البلاد نامی بنك میں ملازمت کرنے کا حکم کیا ہے، جس کی تاسیس عنقریب ہو رہی ہے، یہ علم میں رہے کہ میں نے سعودی عرب کرنسی کمپنی کے ذریعہ سے سنا ہے کہ اس بنك کے سب معاملات اسلامی ہونگے، لیکن اس کا نام اسلامی بنك نہیں ہو گا ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

ہم سعودی کرنسی ادارے کے شکر گزار ہیں کہ وہ ایسا بنك بنانا چاہتا ہے جو اپنے معاملات شرعی احکام کے مطابق چلائے، اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ انہیں اپنے محبوب و پسندیدہ اور رضامندی کے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے.

دوم:

اگر بنك کے معاملات شرعی احکام کے مطابق منضبط ہوں تو اس بنك میں ملازمت کرنے میں کوئی حرج نہیں، اگرچہ اسے اسلامی بنك کا نام نہ بھی دیا گیا ہو.

اور اگر بنك کے معاملات اور لین دین سودی قرضوں وغیرہ دوسرے حرام کاموں پر مشتمل ہوں تو اس میں ملازمت کرنا جائز نہیں چاہے اس کا نام اسلامی بنك ہی رکھا گیا ہو، کیونکہ معتبر تو حقائق اور معانی ہیں نہ کہ صرف نام.

بنك کی شرعی کمیٹی نے فیصلہ صادر کیا ہے کہ البلاد بنك شرعی سیاست کے ماتحت ہو گا، جس کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے تمام معاملات شرعی کمیٹی کے سامنے پیش کرے، اور اس کے فیصلوں پر عملدرآمد کرنے کا پابند ہو گا، اور اس کی تنفیذ کی دیکھ بھال شرعی دیکھ بھال کمیٹی کرے گی، نیز یہ کہ بنك کی سیاست شرعیہ کا بیان ہے کہ: بنك نے تاسیسی طور پر ہی اپنے سارے معاملات میں شریعت مطہرہ کی تطبیق کرنے کا التزام کر رکھا ہے.

اس قرارداد کا بیان آپ سوال نمبر ( 46588 ) کے جواب میں دیکھ سکتے ہیں.

یہ خیر و بھلائی کی خوشخبری دیتی ہے، اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ انہیں توفیق دے اور ان کی مدد فرمائے.

مزید تاکید اور اطمنان کے لیے آپ شرعی دیکھ بھال کمیٹی سے رابطہ کر سکتے ہیں.

والله اعلم .